© rasailojaraid.com

# تبصرۂ کتب

## احوال و آثار مفتی عزیز احمد قادری بدایونی

مرتب : غلام اویس قرنی

ناشر : ادارہ معارف نعمانیہ' ۳۲۴ شاد باغ ۔ لاہور

صفحات : ۱۵۲

سال اشاعت : ۱۹۹۱ء

قیمت : درج نہیں

مفتی عزیز احمد قادری بدایونی (۱۹۰۱ء ۔ ۱۹۸۹ء) ماضی قریب کے معروف عالم اور مدرس تھے۔ ان کی زندگی کا بڑا حصہ قال اللہ اور قال الرسولؐ کی تبلیغ و ترویج میں بسر ہوا۔ ان کے بیسیوں شاگرد دینی خدمات کی انجام دہی میں مصروف ہیں اور ان کی تحریروں سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد مبالغہ ہزاروں میں ہے۔ ان کا ترجمہ قرآن "تیسیرالبیان" اور دیگر تبلیغی کتب باقاعدگی سے تقسیم ہو رہی ہیں۔

جناب غلام اویس قرنی کو مفتی مرحوم کی آخری زندگی میں ان کے بہت قریب رہنے کا موقع ملا ہے اور زیر نظر کتاب کی شکل میں انہوں نے مفتی صاحب سے اپنی عقیدت و ارادت کا اظہار کیا ہے۔ کتاب کے پہلے حصے میں جناب مرتب اور مولانا عبدالحکیم شرف قادری کے مضامین شامل ہیں جن میں مفتی صاحب کے احوال و آثار کا ذکر آگیا ہے۔ دوسرے حصے میں بعض مشاہیر کے تاثرات درج کئے گئے ہیں جنہیں مفتی مرحوم سے ملنے یا استفادہ کرنے کا موقع ملا تھا۔ تیسرے اور چوتھے حصے میں بالترتیب تعزیتی خطوط اور قطعات تاریخ وصال یک جا کئے گئے ہیں۔

جناب غلام اویس قرنی کی اس کتاب سے صاحب سوانح کے بارے میں تمام ضروری معلومات سامنے آگئی ہیں تاہم زیادہ بہتر ہوتا کہ کتاب کے آغاز میں مندرجات کی فہرست بھی شامل کر دی جاتی۔ خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ سفید کاغذ پر چھپی ہوئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ کتاب دس روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کرکے ناشر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

(اختر راہی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com